2017年11月6日ジャング紙ラーワルピンディー版1面

ٹریفک حادثات میں مزید 7 جاں بحق

اسموگ، گدو تھرمل پلانٹ کے 2 یونٹ ٹرپ، 400 میگاواٹ بجلی سسٹم سے آؤٹ

پاور پلانٹس بند ہونے کے باعث شہروں اور دیہات میں 12،12 گھنٹے لوڈ شیڈنگ، زہریلی دھند سے بیماریاں پھیلنے لگیں، شہری پریشان

ہلاکتیں شیخوپورہ، بہاولپور، ٹوبہ ٹیک سنگھ میں ہوئیں، متعدد زخمی، کئی علاقوں میں حد نگاہ صفر، موٹروے بند، پروازیں منسوخ، ٹرینیں متاثر

اسلام آباد، لاہور (اپنے نامہ نگار سے، ایجنسیاں) پنجاب بھر میں اسموگ کا راج ہے، مختلف علاقوں میں ٹریفک حادثات میں 7 افراد جاں بحق اور 11 افراد زخمی ہوگئے۔ گہری اسموگ کے نتیجے میں متعدد پروازیں منسوخ جبکہ ٹرینوں کا شیڈول متاثر ہوا۔ فضائی آلودگی کے باعث بننے والی زہریلی دھند سے پھیلنے والی بیماریوں سے شہریوں کی پریشانی میں اضافہ ہو گیا ہے۔ کئی علاقوں میں حد نظر صفر ہو گئی۔ حد نگاہ کم ہوجانے کی وجہ سے موٹروے کئی مقامات پر بند کر دی گئی، سموگ سے گدو تھرمل پاور پلانٹ کے دو یونٹس ٹرپ کر گئے، کشمور کے قریب واقع گدو تھرمل پاور پلانٹ کے یونٹ نمبر 15 اور 16 علی الاصبح ٹرپ کر گئے جس سے 400 میگاواٹ بجلی کی پیداوار رک گئی، سندھ بلوچستان کے بعض علاقوں کو بجلی کی فراہمی متاثر ہوئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق لاہور سمیت پنجاب کے مختلف علاقے اسموگ اور دھند کی لپیٹ میں ہیں، شیخوپورہ میں دھند اور سموگ کی وجہ سے ٹریفک حادثات کے دوران 3 افراد جاں بحق ہو گئے۔ پہلا حادثہ لاہور سرگودھا روڈ پر واقع سرکاری خورد سٹاپ پر پیش آیا جہاں پر ڈمپر نے بے قابو ہو کر دو موٹر سائیکل سواروں کو کچل دیا جو زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے موقع پر جاں بحق ہو گئے۔ دوسرا حادثہ فیصل آباد روڈ پر واقع قصبہ فیروز وٹواں کے قریب پیش آیا جہاں ٹرک شیخوپورہ سے فیصل آباد کی طرف جا رہا تھا، فیروز وٹواں میں موٹر سائیکل سوار پر چڑھ گیا جس کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار دم توڑ گیا۔ بہاولپور میں ٹیل والا روڈ پر دھند کے باعث موٹر سائیکل بس کی زد میں آ گئی جس کے نتیجے میں 3 افراد جاں بحق ہو گئے۔ ٹوبہ ٹیک سنگھ میں ٹریفک حادثے میں موٹر سائیکل سوار جاں بحق جبکہ اوکاڑہ میں جی ٹی روڈ پر دھند کے باعث وین، ٹریلر اور موٹر سائیکل آپس میں ٹکرا گئے جس سے خاتون سمیت 8 افراد زخمی ہو گئے، پنڈی بھٹیاں میں چنیوٹ روڈ پر تیز رفتار ٹرک بے قابو ہو کر الٹ گیا، جس میں 3 افراد شدید زخمی ہو گئے، پنجاب بھر میں اسموگ بیماریوں کا سبب ہی نہیں بار بار بجلی جانے کی وجہ بھی بن گئی ہے۔ سموگ کے باعث کئی پاور پلانٹس بند ہیں جس کی وجہ سے شہروں اور دیہات میں گھنٹوں لوڈشیڈنگ جاری ہے، صنعتی اور کمرشل فیڈرز بھی 12،12 گھنٹے بند رہنے لگے، اتوار کو بھی پروازوں اور ٹرینوں کا شیڈول بری طرح متاثر ہوا۔ شدید سموگ کے باعث موٹروے ایم ٹو لاہور تا کوٹ مومن اور ایم تھری فیصل آباد تا پنڈی بھٹیاں بڑی گاڑیوں کی آمدورفت کیلئے بند کر دی گئی، موٹروے کے ان حصوں میں حد نگاہ صفر ہے۔ فضائی آلودگی کے باعث بننے والی زہریلی دھند سے پھیلنے والی بیماریوں سے شہری پریشان ہیں، موٹروے پولیس کا کہنا ہے کہ عوام غیر ضروری سفر سے پرہیز کریں اور فوگ لائٹس کا استعمال کریں۔ ملک کے میدانی علاقوں خصوصاً پنجاب میں اسموگ غیر معمولی صورتحال اختیار کر چکی ہے،